پریس ریلیز

# تین نوجوان پاکستانیوں کے کاروبار نے شیل گلوبل انوویشن کا انعام جیت لیا

کراچی، **17** نومبر، **2020:** شیل تعمیر سے تعلق رکھنے والے تین نوجوان پاکستانی انٹرپرنیورز میں سے ہر ایک نے 2020 شیل لائیو وائر ٹاپ ٹین انوویٹرز (Shell LiveWIRE Top Ten Innovators) ایوارڈ جیت لیا ہے۔ یہ ایک عالمی مقابلہ ہے جس کا مقصد کاروباری اداروں کو جدت کے میدان میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے مواقع پیش کرنا اور انٹرپرنیورز کو موقع فراہم کرنا ہے کہ وہ عالمی پلیٹ فارم پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔

اس سال، شیل لائیو وائر نے ایک مرتبہ پھر شیل گلوبل کمرشل کے ساتھ شراکت کی تاکہ زندہ رہنے کے زیادہ قابل دنیا کی تخلیق (Creating More Liveable World) پر توجہ دینے والا مقابلہ منعقد کیا جاسکے۔ اس موضوع پر، ایوارڈ کے تین مختلف شعبے رکھے گئے تھے، جن میں؛ انرجی ٹرانزیشن (Energy Transition)، انوائرنمنٹ اور سرکلر اکنامی (Environment & Circular Economy) اور مقامی خوشحالی (Local Prosperity) شامل ہیں۔

ہر شعبے میں کامیاب امیدوار کو 20,000 امریکی ڈالرز کا انعام دیا گیا جبکہ، ہر شعبے سے، رنرز اپ کو 10,000 امریکی ڈالرز کا انعام دیا گیا۔ اس کے علاوہ، ججوں نے 10,000 امریکی ڈالرز کا آؤٹ اسٹینڈنگ اچیومنٹ ایوارڈ ایسے ادارے کو دیا جس نے، تبدیل ہوتی ہوئی دنیا کے حوالے سے، شیل کے عزم کے تحت، کووڈ-19 سے پیدا ہونے والے سماجی و اقتصادی اثرات سے نمٹنے میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ تمام کامیاب افراد کو دیئے گئے ایوارڈ پیکیج میں شیل کے ماہرین کی جانب سے مینٹورنگ سپورٹ (mentoring support)، شیل کے مارکیٹ روابط سے فائدہ اٹھانے کے مواقع اور شیل یا شیل کے کسٹمرز کے لیے ایک وینڈر (vendor) کے طور پر غور کیے جانے کا امکان شامل تھے۔

کامیابی حاصل کرنے والے تمام افراد کو سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا کیوں کہ شیل کو دنیا کے 15 ممالک سے 136 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ فائنل کے لیے منتخب ہونے والوں کو عوامی ووٹ کے ذریعے بھی مقابلہ کرنا تھا جس کے لیے دنیا کے 170 ممالک سے 27,000 سے زائد ووٹ ڈالے گئے۔

کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے شیل گلوبل کمرشل کے ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ کارلوس ماورا (Carlos Maurer) نے کہا، ''تمام کامیاب امیدواروں کو مبارکباد۔ میں واقعی انٹریز کے معیار اور تخلیقی صلاحیت سے متاثر ہوا ہوں۔'' ماورا نے مزید کہا، ''کاروبار اور زندگی، دونوں میں، ہمیں جدت پیدا کرنے والوں کی اور اُن لوگوں کی ضرورت ہے جن میں، پیچیدہ تر ہوتی ہوئی دنیا سے پیش آنے والے مسائل، اور اُسی کے ساتھ، کووڈ-19 کی وبا سے پیش آنے والی متعدد دشواریوں کے حل کا جذبہ اور تحریک موجود ہو۔ مجھے خوشی ہے کہ جیتنے والوں نے نہ صرف نقد انعامات حاصل کیے ہیں بلکہ انہیں شیل کے سینئر ماہرین تک رسائی بھی حاصل ہوئی ہے تاکہ اُنہیں میںٹورنگ بھی حاصل ہو سکے۔ شیل کی بنیاد جدت اور ہنرمندی کے ماحول پر رکھی گئی ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ٹاپ ٹین انوویٹرز کی ٹیکنالوجیز اور سولوشنز آنے والے برسوں میں مزید ترقی کریں۔''

شیل پاکستان لمیٹڈ کے ہیڈ آف ایکسٹرنل ریلیشنز، حبیب حیدر نے کہا، ''ہم انتہائی پرجوش ہیں کہ پاکستان سے تعلق رکھنے والے ہمارے تینوں شرکاء نے ٹاپ ٹین انوویٹرز (Top Ten Innovators) کا انعام جیتا ہے۔ یہ نہ صرف عالمی سطح پر اپنے ان انٹرپرینیورز کو نمایاں کرنے کا موقع ہے بلکہ پورے پاکستان میں اپنی ذہانت اور جدت کی نمائش کا موقع بھی ہے۔''

پاکستان سمیت دیگر ممالک سے درج ذیل افراد نے 2020 ٹاپ ٹین انوویٹرز کے فائنل میں حصہ لیا:

| کاروبار | ملک | کاروبار کا خلاصہ |
|---|---|---|
| **انرجی ٹرانزیشن** | | |
| **کامیاب امیدوار** | | |
| بائیونیکا (BIONIKA) | انڈونیشیا | بائیونیکا کی مربوط بائیو گیس ٹیکنالوجی، فضلے کو بجلی میں تبدیل کرکے دیہی آبادیوں کو باکفایت صاف توانائی تک رسائی فراہم کرتی ہے۔ |
| **رنرزاپ** | | |
| دیانگ ژن سین یوآن ٹیکنالوجی کو۔ | چین | دیانگ ژن سین یوآن ٹیکنالوجی زرعی فضلے سے بائیوماس پیلیٹس تیار کرتی ہے تاکہ کوئلے اور آئل کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاسکے۔ |
| اینٹ (ENENT) | پاکستان | اینٹ ایک کلین ٹیک الیکٹرونکس اسٹارٹ اپ ہے جو ایسی جدید مصنوعات تیار کرتی ہے جو بجلی کے نقصان اور بلوں میں 20 فیصد تک کمی کرتی ہے۔ |
| **انوائرنمنٹ اینڈ سرکلر اکنامی** | | |
| **کامیاب امیدوار** | | |
| ایکوا ایگرو (Aqua Agro) | پاکستان | ایکوا ایگرو کسانوں کے لیے پانی کے استعمال میں بچت میں اضافے کی غرض سے آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی استعمال کرتی ہے۔ |
| **رنرزاپ** | | |
| قطرہ (Qutra) | عمان | قطرہ کی آبپاشی کی ڈیوائس زمین کی نمی کے اعتبار سے پانی فراہ کرتی ہے تاکہ فالتو پانی کے استعمال میں 85 فیصد تک بچت کی جاسکے۔ |
| سولر (Soular) | ٹرنیڈاڈ اور ٹوباگو | سولر خراب ہونے والی زرعی پیداوار کو دھوپ کے ذریعے غذائیت سے بھرپور شیلف پر دیر تک چلنے والے اسنیکس میں تبدیل کرتی ہے۔ |
| **مقامی خوشحالی** | | |
| **کامیاب امیدوار** | | |
| سیف ڈرنکنگ واٹر فار آل (SDW) | برازیل | ایس ڈی ڈبلیو کی بریک تھرو ٹیکنالوجیز صاف پانی اور صحت وصفائی کو عوامی بنا کر زندگیاں بچاتی ہیں۔ |
| **رنرزاپ** | | |
| کندے سوشل کیفے | قازقستان | کندے کیفے، قازقستان میں اپنے ریسٹورانٹ پر ذہنی معذور بالغ افراد کو تربیت اور روزگار فراہم کرتی ہے۔ |
| SIBBAP ملٹی پرپز کوآپریٹو | فلپائن | SIBBAP ملٹی پرپز کوآپریٹو فرنٹ لائن میڈیکل گارمنٹس کی تیاری کے لیے مقامی افراد کو تربیت |

فراہم

کرتی ہے۔

**آوٹ اسٹنڈ نگ اچیومنٹ**

| | | |
|---|---|---|
| ایڈون(EDVON) | پاکستان | ایڈونK-12 کے طلباء وطالبات کے لیے DIY روبو ٹک کٹس اور STEAM کا نصاب تیار کرتی ہے۔ ان کے کورونا کے خلاف جدوجہد کرنے والے روبوٹ نے ہیلتھ کیئر کے مقامات پر سینی ٹیشن تعمیل کو بہتر بنایا ہے۔ |

2020 ٹاپ ٹین انوویٹرز کے ججوں کے پینل میں شیل ایوی ایشن کی صدر ایناميسکولو(AnnaMascolo )، سر کلر کیپٹل کے بانی اور چیف ایگز یکٹو آفیسر راب کپلان(RobKaplan )، گلوبل ایکسلریٹر نیٹ ورک(GAN) کے ڈائریکٹر، گلوبل پارٹنر شپس نیٹ نصر اللہ (Nate Nasralla) کے علاوہ 2019 ٹاپ ٹین انوویٹرز کے کامیاب انٹر پرینیور اور برمودا(Barmoda) کے بانی مصطفیٰ النبی (Elnaby Mostafa) شامل تھے۔